نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے پری مون سون کے دوران کپاس کی فصل کے تحفظ بارے سفارشات جاری کردیں

لاہور: 27 جون 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکار بارشوں کے دوران کپاس کی فصل کی دیکھ بھال کے لیے خصوصی انتظامات کریں۔ معمول کی بارش کپاس کی فصل کے لیے مناسب ہوتی ہیں۔ اس سے فصل کی بڑھوتری اور پھول گڈی پر اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں لیکن معمول سے زیادہ بارشیں جس سے کپاس کے کھیت پانی سے بھر جائیں فصل کے لیے انتہائی نقصان دہ ہیں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ بارش کا پانی اگر کھیت میں 24 گھنٹے سے زیادہ کھڑا رہے تو زیادہ نقصان کا باعث بنتا ہے کیونکہ خوراکی اجزاء پودے کی جڑوں سے زیادہ نیچے چلے جاتے ہیں جس سے پودے خوراکی اجزاء کی کمی کا شکار ہوجاتے ہیں اور ضیائی تالیف کا عمل انتہائی سست ہوجاتا ہے۔ اگر بارشیں زیادہ ہوں تو کاشتکار کھیت کے کناروں کے ساتھ ایک گہری نالی بنادیں تاکہ بارش کا وافر پانی اس نالی کے ذریعے کھیت سے باہر نکل سکے۔ بعدازاں، اس پانی کو بڑے کھال میں ڈال کر دھان یا کماد کے کھیت کو لگائیں۔ اگر کھیت سے پانی نکالنا ممکن نہ ہو تو کھیت کے دونوں کناروں پر گہرے گڑھے کھودلیں تاکہ کھیت سے بارش کے وافر پانی کو ان گڑھوں میں جمع کیا جاسکے۔ بارشوں کے بعد کپاس کے کاشتکار پانی کے نکاس کا فوری بندوبست کریں۔ علاوہ ازیں محکمہ موسمیات کی پیشین گوئی کو مدنظر رکھتے ہوئے کپاس کے کھیت کو پانی لگائیں۔ کاشتکار کپاس کے کھیت کو اس موسم میں ہمیشہ ہلکا پانی لگائیں۔

☆☆☆☆